وزیر اعظم کی اپلائیڈ میٹریلز کے سی ای او گیری ای ڈیکرسن سے ملاقات

22 جون 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 21 جون 2023 کو اپلائیڈ میٹریلز کے صدر اور سی ای او مسٹر گیری ای ڈیکرسن سے واشنگٹن ڈی سی میں ملاقات کی۔

2۔ وزیر اعظم نے ہندوستان میں سیمی کنڈکٹر ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے میں تعاون کے لیے اپلائیڈ میٹریلز کو مدعو کیا۔ وزیر اعظم نے ہندوستان میں پروسیس ٹیکنالوجی اور جدید پیکیجنگ صلاحیتوں کی ترقی کے لیے اپلائیڈ میٹریلز کو بھی مدعو کیا۔

3۔ وزیر اعظم اور مسٹر ڈیکرسن نے ہنر مند افرادی قوت پیدا کرنے کے لیے ہندوستان میں تعلیمی اداروں کے ساتھ اپلائیڈ میٹریلز کے تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

واشنگٹن ڈی سی
جون 2023 21